جنرل ہسپتال کے مختلف شعبوں میں 2 ٹن کے 80 نئے ایئر کنڈیشنز نصب کر دیے گئے

مریضوں کے لواحقین کیلئے مختلف مقامات پر نئے شیڈز بھی بنائے جائیں گے: پروفیسر محمد طیب

ڈاکٹرز و پیرا میڈکس اپنی تمام توانائیاں مریضوں کی خدمت پر صرف کریں جو دنیا اور آخرت دونوں جگہ کامیابی کا باعث ہوگا: پرنسپل

طبی سہولتوں میں اضافے اور ہسپتال کی بہتری کیلئے کئی ایک اقدامات کیے جا رہے ہیں: ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین

لاہور یکم اگست:...... جنرل ہسپتال کے مختلف شعبوں میں 2 ٹن کے 80 نئے ایئر کنڈیشنز نصب کر دیے گئے ہیں جس سے مریضوں کو طبی سہولتوں کے علاوہ بہتر ماحول کی فراہمی میں مدد حاصل ہوگی۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر محمد طیب نے اس سلسلے میں بتایا کہ مریضوں کے لواحقین کیلئے ایل جی ایچ میں نئے شیڈز بھی بنائے جائیں گے اور اس ضمن میں جلد کام کا آغاز کر دیا جائے گا۔ انہوں نے نئے ایئر کنڈیشنز کی تنصیب پر انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا جس کے باعث سرجیکل یونٹ 1، 2 اور 3 گیسٹرو وارڈ کے علاوہ آرتھوپیڈک یونٹ 2 اور ایمرجنسی آپریشن تھیٹرز میں بھی ایئر کنڈیشن کی سہولت حاصل ہوگئی ہے۔ پروفیسر محمد طیب نے کہا کہ موجودہ سال کے مطابق ہسپتال میں آنے والے ہر شخص کو زیادہ سے زیادہ سہولتوں کی فراہمی ہمارا نصب العین ہے جس پر نیک نیتی سے عمل جاری رکھیں گے۔ انہوں نے ڈاکٹروں، نرسوں و پیرا میڈیکل سٹاف سے کہا کہ وہ اپنی تمام توانائیاں مریضوں کی خدمت پر صرف کریں یہ دنیا اور آخرت دونوں جگہ کامیابی کا باعث ہوگا۔

اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایل جی ایچ ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کم سے کم وقت میں 80 نئے ایئر کنڈیشنز کی تنصیب عمل میں لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طبی سہولتوں میں اضافے اور ہسپتال کی بہتری کیلئے کئی ایک اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں اور انشاء اللہ پرنسپل کی ہدایات کے مطابق آئندہ بھی اس ضمن میں کسی قسم کی سستی نہیں برتی جائے گی۔ پرنسپل پروفیسر محمد طیب اور ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے جنرل ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ بھی کیا اور وہاں موجود سہولتوں کا جائزہ لیا۔